بہت آگ چلموں کی سُلگانے والے　　بہت گھاس کی گٹھڑیاں لانے والے
بہت دربدر مانگ کر کھانے والے　　بہت فاقے کر کر کے مرجانے والے
جو پُوچھو کہ کس کان کے ہیں وہ جوہر
تو نکلیں گے نسلِ مُلوک اُن میں اکثر

اِنہیں کے بزرگ ایک دن حکمراں تھے　　اِنہیں کے پرستار پیر و جواں تھے
یہی مامنِ عاجز و ناتواں تھے　　یہی مرجعِ دیلم و اصفہاں تھے
یہی کرتے تھے مُلک کی گلّہ بانی
اِنہیں کے گھروں میں تھی صاحبقرانی

یہ اے قومِ اسلام عبرت کی جا ہے　　کہ شاہوں کی اولاد دردر گدا ہے
جسے سُنیے افلاس میں مُبتلا ہے　　جسے دیکھیے مُفلس و بینوا ہے
نہیں کوئی ان میں کمانے کے قابل
اگر ہیں تو ہیں مانگ کھانے کے قابل

نہیں مانگنے کا طریق ایک ہی یاں　　گدائی کی ہیں صورتیں نت نئی یاں
نہیں حصر کنگلوں پہ کدیہ گری یاں　　کوئی دے تو منگتوں کی ہے کیا کمی یاں
بہت ہاتھ پھیلائے زیرِ ردا ہیں
چھُپے اُجلے کپڑوں میں اکثر گدا ہیں

بہت آپ کو کہہ کے مسجد کے بانی　　بہت بن کے خود سیّدِ خاندانی
بہت سیکھ کر نوحہ و سوزخوانی　　بہت مدح میں کر کے رنگیں بیانی
بہت آستانوں کے خُدّام بن کر
پڑے مانگتے کھاتے پھرتے ہیں دردر

مُشقّت کو محنت کو جو عار سمجھیں　　ہنر اور پیشہ کو جو خوار سمجھیں
تجارت کو کھیتی کو دشوار سمجھیں　　فرنگی کے پیسے کو مردار سمجھیں
تن آسانیاں چاہیں اور آبرو بھی
وہ قوم آج ڈوبے گی گر کل نہ ڈوبی

148 Many of those who light the charcoal in hookahs, of those who carry bundles of grass,
Of those who eat by begging from door to door, of those who die from prolonged starvation,
If you ask which mine these jewels come from, most of them will emerge as being of the stock of kings.

149 If was their ancestors who were once rulers, it was they whom young and old humbly served,
They who were the shelter of the helpless and weak, they who were the asylum of Dailam and Isfahan,
They who acted as shepherds of the realm, in their households that the conjunction of benefics occurred.

150 This, oh community of Islam, is an occasion for taking heed, that the descendants of kings are beggars from door to door.
Whoever you hear of is immersed in poverty, whoever you see is destitute and without resource.
None of them is capable of earning. If they are capable of anything, it is of eating by begging.

151 There is not just a single method of begging here. There are ever new ways of mendicancy here.
Here mendicity is not restricted to the destitute. If anyone will give, there is no lack of mendicants here.
Many have stretched out their hands beneath the cloak. Whether in secret or in open guise, most are beggars.

152 Many profess themselves to be founders of mosques, many make themselves out to be of Sayyid lineage.
Many learn laments and passionate mourning, many exercise their brilliant style in encomium.
Many become attendants at thresholds, and keep on begging for their food, going about from door to door.

153 Those who think hard work and effort disgraceful, craft and profession demeaning,
Trade and agriculture difficult, the Franks' money carrion, who desire easy circumstances and honour besides,
That people will sink today, if it has not already sunk yesterday.

امیروں کے مصاحب

کریں نوکری بھی تو بے عزتی کی ‌ ‌ جو روٹی کمائیں تو بے حرمتی کی
کہیں پائیں خدمت تو بے عزتی کی ‌ ‌ قسم کھائیے اُن کی خوش قسمتی کی
امیروں کے بنتے ہیں جب یہ مصاحب
تو جاتے ہیں ہو کر حمیت سے تائب

کہیں اُن کی صحبت میں گانا بجانا ‌ ‌ کہیں مسخرہ بن کے ہنسنا ہنسانا
کہیں پھبتیاں کہہ کے انعام پانا ‌ ‌ کہیں چھیڑ کر گالیاں سب سے کھانا
یہ کام اور بھی کرتے ہیں پر نہ ایسے
مسلمان بھائی سے بن آئیں جیسے

متمول مسلمان

امیروں کا عالم نہ پوچھو کہ کیا ہے ‌ ‌ خمیر اُن کا اور اُن کی طینت جُدا ہے
سزاوار ہے اُن کو جو ناسزا ہے ‌ ‌ روا ہے انہیں سب کہ جو ناروا ہے
شریعت ہوئی ہے نکو نام اُن سے
بہت فخر کرتا ہے اسلام اُن سے

ہر اک بول پر اُن کے مجلس فدا ہے ‌ ‌ ہر اک بات پر واں درست اور بجا ہے
نہ گفتار میں اُن کی کوئی خطا ہے ‌ ‌ نہ کردار اُن کا کوئی ناسزا ہے
وہ جو کچھ کہ ہیں، کہہ سکے کون اُن کو
بنایا ندیموں نے فرعون اُن کو

وہ دولت کہ ہے مایۂ دین و دُنیا ‌ ‌ وہ دولت کہ ہے توشۂ راہِ عقبیٰ
سلیماں نے کی جس کی حق سے تمنا ‌ ‌ بڑھا جس سے آفاق میں نام کسریٰ
کیا جس نے حاتم کو مشہورِ دوراں
کیا جس نے یوسف کو مسجودِ اخواں

ملا ہے یہ فخر اُس کو اِن کی بدولت ‌ ‌ کہ سمجھی گئی ہے وہ اصلِ شقاوت
کہیں ہے وہ سرمایۂ جہل و غفلت ‌ ‌ کہیں نشۂ بادۂ کبر و نخوت
جہاں کے لئے جو کہ آبِ بقا ہے
وہ اِس قوم کے حق میں سمّی دوا ہے

The hangers-on of the rich

154 Even if they are employed, it is in a disgraceful capacity. The bread which they earn is that of dishonour.
If they find any service, it is disgraceful. One should curse their 'good fortune'.
When they become the boon-companions of the rich, they go abandoning all sense of honour.

155 Sometimes they play and sing in their company, sometimes they turn jester and laugh and amuse,
Sometimes they make up nicknames and get a reward, sometimes in teasing they suffer general insults.
They do other things too, but no such as to befit a fellow Muslim.

The rich Muslims

156 Do not ask what the state of the rich is. Their essence and their constitution are in a class of their own.
What is unbecoming is fitting for them, all that is impermissible is permissible for them.
The Holy Law has gained fair repute from them! Islam prides itself greatly upon them!

157 The whole company is beside itself at everything they say. Their every remark is followed by 'Quite so!' and 'Hear, hear!'
There is no error in their speech, nothing unbecoming in their actions.
No matter what they are, who can tell them? Their boon-companions have made them Pharaohs.

158 Wealth, which is the substance of religion and the world, wealth which is the provision for the journey to the next world,
Which Solomon besought God for, on account of which the fame of Chosroes was spread to the ends of the world,
Which made Hatim the most famous man of his age, and Joseph the object of his brothers' adoration,

159 Has, thanks to them, been invested with the 'glory' of being considered the root of disgrace.
Now it acts as the capital of ignorance and oblivion, now as the intoxicating wine of conceit and arrogance.
That which was the water of eternal life for the world is, in relation to this people, a poisonous draught.

ادھر مال و دولت نے یاں منہ دکھایا　　اُدھر ساتھ اُس کے ادبار آیا
پڑا آکے جس گھر پہ ثروت کا سایا　　عمل واں سے برکت نے اپنا اُٹھایا
نہیں راس یاں چار پیسے کسی کو
مُبارک نہیں جیسے پر چیونٹی کو

سمجھتے ہیں سب عیب جن عادتوں کو　　بہائم سے نسبت ہے جن سیرتوں کو
چھُپاتے ہیں اوباش جن خصلتوں کو　　نہیں کرتے اجلاف جن حرکتوں کو
وہ یاں اہلِ دولت کو ہیں شیرِ مادر
نہ خوفِ خُدا ہے نہ شرمِ پیمبر

طبیعت اگر لہو و بازی پہ آئی　　تو دولت بہت سی اِسی میں لُٹائی
جو کی حضرتِ عشق نے رہنمائی　　تو کر دی بھرے گھر کی دم میں صفائی
پھر آخر لگے مانگنے اور کھانے
یونہی مِٹ گئے یاں ہزاروں گھرانے

نہ آغاز پر اپنے غور اُن کو اصلا　　نہ انجام کا اپنے کچھ اُن کو کھٹکا
نہ فکر اُن کو اولاد کی تربیت کا　　نہ کچھ ذلتِ قوم کی اُن کو پروا
نہ حق کوئی دنیا پہ اُن کا نہ دیں پر
خُدا کو وہ کیا منہ دکھائیں گے جا کر

کسی قوم کا جب اُلٹتا ہے دفتر　　تو ہوتے ہیں مسخ اُن میں پہلے تونگر
کمال اُن میں رہتے ہیں باقی نہ جوہر　　نہ عقل اُن کی ہادی نہ دیں اُن کا رہبر
نہ دنیا میں ذلت نہ عزت کی پروا
نہ عقبیٰ میں دوزخ نہ جنت کی پروا

نہ مظلوم کی آہ و زاری سے ڈرنا　　نہ مفلوک کے حال پر رحم کرنا
ہوا و ہوس میں خودی سے گزرنا　　تعیش میں جینا نمائش پہ مرنا
سدا خوابِ غفلت میں بیہوش رہنا
دمِ نزع تک خود فراموش رہنا

160 As soon as property and wealth showed themselves here, they were accompanied by the arrival of misfortune.
From any house where wealth came and spread itself, blessing removed its operation.
Even four paisas do no good to anyone here. They are as inauspicious for them as its wings are to an ant.

161 Those habits which all consider disgraceful, those qualities which are associated with beasts,
Those features which riff-raff conceal, those actions which the lower orders do not commit,
These are mother's milk for the wealthy here, who have no fear of God, nor shame before the Prophet.

162 If their desires turned to games and sports, they squandered plenty of money in this pursuit.
When Sir Love acted as their guide, they cleaned out all their household wealth in an instant.
Then at last they began to beg for their food. Thousands of families have been destroyed here just like this.

163 They pay not the slightest attention to their beginnings nor feel any concern about their end.
They have no thought for their children's upbringing, nor any care for the community's disgrace.
They have no rights in this world or the next. How will they go and face God?

164 When the record of any people is ruined, the first to be deformed among them are the rich.
No excellence or skill is left in them. Their intelligence does not guide them, nor faith conduct them.
They care neither about disgrace and honour in this world, nor about hell and paradise in the next.

165 They have no fear of the cries and laments of the oppressed, nor pity for the condition of the unfortunate.
In their greed and concupiscence they abandon self-awareness. They live in luxury and die to make a show.
They remain for ever unconscious in the sleep of oblivion, self-forgetful until their death-agonies.

پریشاں اگر قحط سے اک جہاں ہے　　تو بے فکر ہیں کیونکہ گھر میں سماں ہے
اگر باغِ امت میں فصلِ خزاں ہے　　تو خوش ہیں کہ اپنا چمن گل فشاں ہے
بنی نوعِ انساں کا حق ان پہ کیا ہے
وہ اک نوع - نوعِ بشر سے جدا ہے

کہاں بندگانِ ذلیل اور کہاں وہ　　بسر کرتے ہیں بے غمِ قوت و ناں وہ
پہنتے نہیں جز سمور و کتاں وہ　　مکاں رکھتے ہیں رشکِ خلدِ جناں وہ
نہیں چلتے وہ بے سواری قدم بھر
نہیں رہتے بے نغمہ و ساز دم بھر

کمر بستہ ہیں لوگ خدمت میں ان کی　　گل و لالہ رہتے ہیں صحبت میں ان کی
نفاست بھری ہے طبیعت میں ان کی　　نزاکت سو داخل ہے عادت میں ان کی
دواؤں میں مشک ان کی اٹھتا ہے ڈھیروں
وہ پوشاک میں عطر ملتے ہیں سیروں

یہ ہو سکتے ہیں ان کے ہم جنس کیونکر　　نہیں چین جن کو زمانے سے دم بھر
سواری کو گھوڑا نہ خدمت کو نوکر　　نہ رہنے کو گھر اور نہ سونے کو بستر
پہننے کو کپڑا نہ کھانے کو روٹی
جو تدبیر الٹی تو تقدیر کھوٹی

محبتِ خلق اللہ

یہ پہلا سبق تھا کتابِ ہدیٰ کا　　کہ ہے ساری مخلوق کنبہ خدا کا
وہی دوست ہے خالقِ دوسرا کا　　خلائق سے ہے جس کو رشتہ ولا کا
یہی ہے عبادت یہی دین و ایماں
کہ کام آئے دنیا میں انساں کے انساں

اہلِ یورپ کی ہمدردی

عمل جن کا ہے اس کلامِ متیں پر　　وہ سرسبز ہیں آج روئے زمیں پر
تفوق ہے ان کو کہین و مہیں پر　　مدار آدمیت کا ہے اب انہیں پر
شریعت کے جو ہم نے پیماں توڑے
وہ لے جا کے سب اہلِ مغرب نے جوڑے

170 Cf. the two Hadith: *Al-khalqu 'ayālu 'llāhi fa-ahabbu 'l-khalqi ilā 'llāhi man ahsana ilā 'ayālihi* 'Creatures are the family of God, and of God's creatures the dearest to Him is the one who does good to this family'; and *Al-dīnu al-nasīhatu* 'Religion is good advice.'

171 I.e. the Europeans, who are superior to the whole world in sympathy with their nation, in supporting their country, and in aiding and helping all mankind.

166 The whole world may be distressed by famine, but they are careless, for they have provisions at home.
If the season of autumn comes upon the garden of the Community, they are happy, for their garden is in bloom.
What rights can mankind claim from them? They are of a separate species, quite different from humankind.

167 How can humble folk be compared with them? They live free from worry as to food and bread.
They wear nothing but furs and silks, they keep houses which rival paradise.
They do not go a step except in a conveyance. They do not remain for an instant without songs and music.

168 People stand in attendance to serve them. The rose and the tulip remain in their company.
Their natures are filled with refinement, their habits are permeated with delicacy.
In their draughts masses of musk arise, their garments are steeped in pounds of rose perfume.

169 How can these people be of the same species as those who are never at ease in the world, even for a moment,
Who have no horse to ride on, no attendant to serve them, no house to live in, no bed to sleep in,
No clothes to wear or bread to eat, and who, if their plans go wrong, have just their wretched luck to blame?

Love for God's creatures

170 This was the first lesson of the Book of True Guidance: 'All creatures belong to God's family.
'The beloved of the Creator of the two worlds is the one who maintains the ties of love with his creatures.
'This is devotion, this is religion and faith, that man should come to the service of his fellow man in the world.'

The public spirit of the peoples of the West

171 Those who act on the basis of this weighty utterance today flourish upon the face of the earth.
They are superior to all, high and low. They are now the central axis of humanity.
Those covenants of the Holy Law which we have broken have all been firmly upheld by the people of the West.

سمجھتے ہیں گمراہ جن کو مسلماں   نہیں جن کو عقبیٰ میں امیدِ غفراں
نہ حصے میں فردوس جن کے نہ رضواں   نہ تقدیر میں حور جن کے نہ غلماں
پس از مرگ دوزخ ٹھکانا ہے جن کا
حمیم آب زقوم کھانا ہے جن کا

وہ ملک اور ملت پہ اپنی فدا ہیں   سب آپس میں ایک اک کے حاجت روا ہیں
اولو العلم ہیں ان میں یا اغنیا ہیں   طلب گار بہبود خلق خدا ہیں
یہ تمغا تھا گویا کہ حصہ انہیں کا
کہ حب الوطن ہے نشاں مومنیں کا

امیروں کی دولت غریبوں کی ہمت   ادیبوں کی انشا حکیموں کی حکمت
فصیحوں کے خطبے شجاعوں کی جرأت   سپاہی کے ہتھیار شاہوں کی طاقت
دلوں کی امیدیں امنگوں کی خوشیاں
سب اہل وطن اور وطن پر ہیں قرباں

ہمدردی کا نتیجہ

عروج ان کا جو تم عیاں دیکھتے ہو   جہاں میں انہیں کامراں دیکھتے ہو
مطیع ان کا سارا جہاں دیکھتے ہو   انہیں برتر از آسماں دیکھتے ہو
یہ ثمرے ہیں ان کی جوانمردیوں کے
نتیجے ہیں آپس کی ہمدردیوں کے

ہمت والے مسلمان دولت مند

غنی ہم میں ہیں جو کہ اربابِ ہمت   مسلم ہے عالم میں جن کی سخاوت
اگر ہے مشائخ سے ان کو عقیدت   تو ہے پیرزادوں پہ وقف ان کی دولت
نکمے ہیں دن رات واں عیش کرتے
پہ نوکر ہیں جتنے وہ بھوکے ہیں مرتے

عمل واعظوں کے اگر قول پر ہے   تو بخشش کی امید بے صرفِ زر ہے
نماز اور روزہ کی عادت اگر ہے   تو روزِ حساب ان کو پھر کس کا ڈر ہے
اگر شہر میں کوئی مسجد بنا دی
تو فردوس میں نیو اپنی جما دی

172 *Ḥamīm* is the hot water which will be given to those in hell to drink, while *zaqūm* is a kind of food which will be given to them to eat.

173 Cf. the Hadith: *Ḥubbu 'l-waṭani min al-īmān* 'The love of country is a part of faith.'

172 Those whom the Muslims think are lost and have no hope of pardon in the next world,
No paradise or Rizvan allotted to them, no houris or heavenly slaves granted in their fate,
Whose place after death is hell, whose water is hot and whose food is cactus,

173 Are devoted to their country and community, and all fulfil the needs of everyone mutually.
Those among them who possess learned skills or are wealthy seek the welfare of God's creatures.
It might be said that this was their trademark, for patriotism is the sign of true believers.

174* The wealth of the rich, the energy of the poor, the compositions of the writers, the wisdom of the philosophers,
The speeches of the orators, the daring of the brave, the weapons of the soldier, the power of the kings,
The hopes of their hearts, the joys of their desires, all these are devoted to their fellow countrymen and their country.

The results of their philanthropy

175 Now you see their ascendancy manifest, you see them successful in the world,
You see the whole world obedient to them, you see them loftier than the sky,
These are the fruits of their acts of magnanimity, the results of their mutual fellow-feeling.

The high-minded wealthy Muslims

176 As for those rich people among us who are magnanimous, whose generosity is acknowledged throughout the world,
If they believe in Shaikhs, their property is given in pious bequest to the descendants of Pirs.
They uselessly spend day and night enjoying themselves, while all their servants are starving.

177 If they act in accordance with the preachers' words, they may hope for pardon without expenditure of gold.
If they are in the habit of observing prayers and fasts, then whom do they need to fear on the Day of Judgement?
If someone has built a mosque in the city, he has laid his foundation in paradise.